# Inaugural I2U2 Business Forum convened to accelerate joint investment in key sectors

February 22, 2023

## کلیدی شعبوں میں مشترکہ سرمایہ کاری میں تیزی لانے کے لیے پہلے I2U2 بزنس فورم کا انعقاد

فروری 22، 2023

مورخہ 22 فروری، 2023 کو ابو ظہبی، یو اے ای میں پہلے I2U2 بزنس فورم کا انعقاد کیا گیا۔ اس فورم میں ہندوستان، اسرائیل، متحدہ عرب امارات اور امریکا (I2U2) کے نجی اور سرکاری شعبے کے سینئر نمائندے ایک ساتھ جمع ہوئے اور چاروں ممالک کی کاروباری برادریوں کے درمیان باہمی تعاون کے مواقع پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ جولائی، 2022 میں I2U2 لیڈروں کے چوتھے اجلاس کے دوران باقاعدہ طور پر I2U2 گروپ لاونچ کرنے کے بعد یہ اس طرح کی پہلی میٹنگ منعقد کی گئی ہے۔

I2U2 شراکت داری بشمول ہندوستان، اسرائیل، متحدہ عرب امارات اور امریکا ایک ایسا گروپ ہے جو اپنے اراکین کے درمیان مختلف شعبوں بشمول خوراک کی حفاظت، پانی، توانائی، خلا، نقل و حمل، صحت اور ٹیکنالوجی میں ٹھوس اقتصادی تعاون کو فروغ دینے کی مرکزیت پر مبنی ہے۔ اس کا مقصد نجی شعبے کے سرمایہ اور مہارت کو متحرک کرنا ہے، اس کے علاوہ دیگر مقاصد میں ڈھانچہ کی جدید سازی، صنعتوں کاربن سے آزاد کرنا، عوامی صحت کو بہتر بنانا اور سبز ٹیکنالوجی کی ترقی کو فروغ دینے میں مدد کرنا ہے۔

I2U2 کاروباری فورم کا آغاز یو اے ای کے مملکتی وزیر جناب احمد الصایغ ؛امریکی انڈر سیکرٹری آف اسٹیٹ جوز ڈبلیو فرنانڈیز؛ سکریٹری (اقتصادی تعلقات)، وزارت خارجہ جناب دمو روی؛ اسرائیلی وزارت خارجہ کے ڈائریکٹر جنرل رونن لیوی اور امریکی صدر کے نائب معاون اور مشرق وسطیٰ اور شمالی افریقہ کے لیے وائٹ ہاؤس کوآرڈینیٹر بریٹ میک گرک کے کلیدی خطبہ سے ہوا۔

اپنے خطبہ میں ان حکام نے I2U2 فریم ورک کے تحت اقتصادی تعاون کو فروغ دینے کے لیے اپنے عزم کا اعادہ کیا، جسمیں ان لوگوں نے I2U2 ممالک کے فیصلہ سازوں اور مستقبل میں شراکت داریوں کی تشکیل میں دلچسپی رکھنے والے نجی شعبے کے اسٹیک ہولڈرز کے درمیان براہ راست شمولیت کی اہمیت کو نوٹ کیا۔

سکریٹری (اقتصادی تعلقات) نے I2U2 سے شراکت داری کے لیے ہندوستان کی وابستگی کا اعادہ کیا اور تمام سٹیک ہولڈرو کے لیے گروگرام، ہریانہ، ہندوستان میں ایک I2U2 اختراعی مرکز قائم کرنے سمیت، تمام I2U2 اقدامات میں ٹھوس پیش رفت حاصل کرنے کی سمت کام کرنے کے لیے ایک مضبوط موقف کی وضاحت کی۔ وزیر اعظم جناب نریندر مودی کے زندگی-طرز زندگی برائے ماحولیات کے لیے واضح اعلان کے مطابق انھوں نے I2U2 شراکت داروں پر زور دیا کہ وہ سب کے لیے ایک پائیدار اور ماحول دوست طرز زندگی کے واسطے مل کر کام کریں۔

اس کے بعد اس کے بعد ایک باضابطہ دستخطی تقریب منعقد کی گئی جسمیں جمہوریہ ہند کو آب و ہوا کے لیے زرعی اختراعی مشن میں شامل ہونے کے لیے تازہ ترین ملک کے طور پر استقبال کیا گیا، جسے COP26 میں یو اے ای اور امریکا نے شروع کیا تھا اور اس میں اسرائیل کو 140 سرکاری وہ غیر سرکاری اداروں میں ایک شراکت دار کے طور پر شامل کیا گیا تھا۔ عہدیداروں نے یقین دہانی کرائی کہ اس طرح کے اقدامات موسمیاتی تبدیلی زراعت اور تغذیاتی نظام کی جدت طرازی میں زیادہ تعاون کے لیے ایک پہل کی نمائندگی کرتے ہیں۔

اس اجلاس کا اختتام I2U2 کے تحت فی الحال دریافت کردہ دو بڑے اقدامات پر پریزنٹیشنز کے ساتھ ہوا، جس میں پورے ہندوستان میں 2 بلین امریکی ڈالرز کی لاگت سے تعمیر کیے جانے والے مربوط زرعی سہولیات کی ایک سیریز کی تعمیری پروجیکٹ اور بھارتی ریاست گجرات میں 300 میگاواٹ کے ہوا اور سولر ہائبرڈ پاور پلانٹ کی ممکنہ ترقی شامل ہے۔

علاوہ ازیں کمپنیوں اور نجی شعبے کے نمائندوں نے غذائی تحفظ، توانائی، پانی، خلائی، نقل و حمل، صحت اور ٹیکنالوجی کے شعبوں پر مرکوز سات متوازی نشستوں کے دوران خیالات کا تبادلہ کیا اور ممکنہ شراکت داری پر بات چیت کی۔

I2U2 بزنس فورم کا مقصد ہندوستان، اسرائیل، متحدہ عرب امارات کے نجی اور عوامی اداروں کے لیے ایک باقاعدہ پلیٹ فارم تیار کرنا اور I2U2 کے بنیادی اقتصادی اور تکنیکی شعبوں میں ٹھوس مشترکہ کاروباری منصوبے قائم کرنا ہے۔

نئی دہلی
فروری 22، 2023

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.